© rasailojaraid.com



۲۴ مجلد، قیمت ۶۰ روپے، ملنے کا پتہ: ماہنامہ الاشرف، الاحمد مینشن، ۱۳۔ بی، گلشن اقبال، کراچی

## صاحبزادہ قاری عبد الباسط کی تین تصانیف

جدہ (سعودی عرب) کی معروف مسجد الشعیبی کے نائب امام وخطیب مولانا صاحبزادہ قاری عبد الباسط ایک باذوق مدرس اور خطیب ہیں جو تحریر و تقریر کے ذریعہ قرآن کریم کے فیوض کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان کا مسلسل درس قرآن کریم مقبول عام درس کی حیثیت رکھتا ہے جس کی کیسٹیں مختلف ممالک میں توجہ اور دلچسپی کے ساتھ سنی جاتی ہیں اور اس کے علاوہ مختلف تصانیف کے ساتھ ساتھ جدہ سے شائع ہونے والے اردو روزنامہ "اردو نیوز" میں "قارئین کے سوالات" کے عنوان سے دینی مسائل کی تشریح و توضیح کے حوالہ سے ان کا کالم مشرق وسطیٰ کے اردو خواں طبقہ میں دلچسپی کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔

اس وقت ان کی تین تصانیف ہمارے سامنے ہیں۔

۱۔ "فضائل ومسائل رمضان" جس کے مشمولات عنوان سے ظاہر ہیں۔ صفحات ۲۶۸ مجلد

۲۔ "اسلام اور ہنسی مذاق" جس میں ہنسی مذاق کے شرعی حکم اور اس کے آداب کی وضاحت کی گئی ہے۔ صفحات ۸۸ مجلد

۳۔ "جب ستارے ٹوٹ جائیں گے" جس میں قرآن کریم کی سورۃ التکویر کی دل نشیں انداز میں تشریح کی گئی ہے۔ صفحات ۱۸۸ مجلد

یہ تینوں کتابیں مکتبہ حلیمیہ، سائٹ کراچی (۷۵۷۰۰) سے طلب کی جا سکتی ہیں۔


جدید نصاب تعلیم معارف اسلامی کی شاہکار کتب

معارفی قاعدہ ○ معارفی نماز

معارفی دینیات ○ معارف الایمان

معارف الاسلام ○ معارف التجوید

ناشر: نیو معارف، مرکزی جامع مسجد، گکھڑ، ضلع گوجرانوالہ


© rasailojaraid.com